# ٹینڈر نوٹس (دوسری بار)

ضلعی تعلیمی افیسر (مردانہ) ضلع شانگلہ، سرکاری اسکولوں کے پرائمری سیکشن کے نئے داخل شدہ طلبہ وطالبات کے لیے سکول بیگز و دیگر اشیاء کی فراہمی کے سلسلے میں اہل، رجسٹرڈ اور تجربہ کار فرموں/سپلائرز/کمپنیوں سے ایک مرحلہ دو لفافوں پر مشتمل (سنگل سٹیج ٹو انویلپ) طریقہ کار کے تحت سربند ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ جو دفتر زیر دستخطی کو مورخہ 20-06-2025 تک دن 12 بجے پہنچ جانی چاہیے۔

پہلا مرحلہ (ٹیکنیکل پروپوزل): پہلے مرحلے میں صرف ٹیکنیکل پروپوزلز کھولی جائیں گی جن کی بنیاد پر فرموں کی پری۔کوالیفیکیشن کی جائے گی۔ صرف اُن فرموں کو دوسرے مرحلے کے لیے اہل قرار دیا جائے گا جو ٹیکنیکل اسسمنٹ میں کامیاب ہوں گی۔ مکمل ٹینڈر فارم دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ) شانگلہ کی دفتر اور محکمہ ایلیمنٹری و سیکنڈری ایجوکیشن، حکومت خیبر پختونخوا کی ویب سائیٹ www.kpese.edu.pk اور KPPRA کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔ دوسرا مرحلہ (فنانشل پروپوزل): ٹیکنیکل اسسمنٹ میں کامیاب قرار دی گئی فرموں سے بعد ازاں فنانشل پروپوزلز طلب کی جائیں گی، جو مقررہ تاریخ پر کھولی جائیں گی۔ تفصیلات درجہ ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | نام آشیاء | مختص شدہ بجٹ | 2% زرضمانت | نمونہ / ساخت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سٹوڈنٹ بیگز (Students Bags) | 18.52 (Millions) | 370400روپے | Size: 13-1/2"x 11-1/2 " width 5" best quality water proof parachute cloth, 12 once side 4-1/2inch front , pocket for geometry box , one side Patti 2" with department logo with pocket,05 no zip (pak),double khana for text & Note books. |
| 2 | نوٹ بکس (Note Books) | | | 05 No. Note Books x 40 pages (English 01, Urdu 03, and Mathematics 01) in each bag. |
| 3 | جیومیٹری باکس (Geometary Box) | | | 01 No geometry box with 04 No HB pencils, sharpeners, Eraser, Foot, Rectangular, Dee and Set of Six (06) no of colored pencils etc in each bag. |

اہلیت کے اصول: درخوست دہندہ/فرم کے لئے لازم ہے کہ:

1. دلچسپی رکھنے والی فرمیں KPPRA رولز 2014 کے مطابق رجسٹرڈ ہوں۔
2. فرم کے پاس افرادی قوت عملہ، کمپیوٹنگ وغیرہ، سابقہ تجربہ، فنانشل اسٹیٹمنٹ، اور متعلقہ سرکاری اداروں کے ساتھ کام کا تجربہ ہونا لازمی ہے۔ نیز گزشتہ تین سال کی مالی حیثیت، بشمول بینک اسٹیٹمنٹس اور کسی بیرونی آڈیٹر کی جانب سے آڈٹ شدہ مالی رپورٹس۔
3. ٹیکنیکل پروپوزل میں کمپنی کا پروفائل، تجربہ، NTN، STRN، متعلقہ رجسٹریشنز، اور نمونہ (Sample) شامل ہونا ضروری ہے۔
4. ٹیکنیکل اور فنانشل پروپوزل علیحدہ علیحدہ مہر بند لفافوں میں جمع کرائی جائیں جن پر واضح طور پر "ٹیکنیکل پروپوزل" اور "فنانشل پروپوزل" لکھا ہو۔
5. تمام ٹیکنیکل لفافے مقررہ تاریخ (20-06-2025) کو دن 12:00 بجے تک دفتر ضلعی تعلیمی افسر (مردانہ) ضلع شانگلہ میں جمع کرائی جائیں جسے اسی دن 2:00 بجے کھولے جائیں گے اور تمام جانچ پڑتال مکمل کی جائیگی اور پری کوالیفائیڈ بڈرز سے فنانشل پروپوزل طلب کی جائیگی۔
6. فنانشل پروپوزلز کھولنے کی تاریخ (21/06/2025) (دن 2:00) بجے مقرر کی گئی ہے۔
7. محکمہ کسی بھی یا تمام ٹینڈرز کو وجہ بتا کر مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے جیسا کہ KPPRA رول 47 کے تحت وضاحت کی گئی ہے۔
8. سکول بیگز کی نمونے معیاری اور مندرجہ بالا متعین کردہ Specification کے مطابق ہونی چاہئے۔ غیر معیاری نمونہ بیگ (Sample) پیش کرنے والے فرم کی فنانشل پروپوزل نہیں کھولی جائیگی۔
9. ٹینڈر دہندہ سٹامپ پیپر پر کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹیڈ نہ ہونے کا بیان حلفی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

دیگر شرائط، ضوابط:

(1) ٹینڈر فارم دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر (مردانہ) ضلع شانگلہ سے دفتری اوقات میں وصول کیے جاسکتا ہے۔ (2) سکیورٹی (CDR) دو فیصد (2٪) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر (مردانہ) ضلع شانگلہ کے نام ہو اور متعلقہ بینک سے بنایا گیا ہو۔ جس میں فرم کا اکاونٹ ہو تاکہ اسی بینک سے سی ڈی ار کے اصلی ہونے کی تصدیق کی جاسکے۔ جبکہ بقایا 8٪ رقم کی سی ڈی ار کامیاب بولی دہندہ تین دن کے اندر جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ (3) پہلے مرحلہ میں تمام جانچ کاری مکمل کرنے کے بعد صرف معیار پر پورا اترنے والے (کوالیفائیڈ) فرم سے فنانشل بڈ کے لفافے طلب کئے جائیں گے اور دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر (مردانہ) ضلع شانگلہ میں پرچیز کمیٹی، متعلقہ ڈیلرز یا مجاز نمائندہ گان کی موجودگی میں اگلے دن 2:00 بجے کھولے جائینگے (4) غیر معیاری اور نمونہ جات کے مطابق سامان سپلائی نہ کرنے والے فرم کو انکے خرچ پر سامان واپس کیا جائے گا، سکیورٹی ضبط کی جائے گی جبکہ معاہدہ برائے سپلائی دوسرے نمبر پرانے والے ٹینڈر دہندہ کے ساتھ کیا جائے گا۔ (5) بوگس CDR جمع کرنے پر فرم کا فارم منسوخ کیا جائے گا اور قانونی کاروائی کیلئے ایف ائی آر درج کی جائے گی۔ (6) نامکمل یا بغیر دستخط شدہ ٹینڈرز کو مسترد کیا جائے گا۔ (7) کامیاب بولی دہندہ کو مقررہ مدت میں اشیاء کی ترسیل یقینی بنانا ہوگی، بصورت دیگر سکیورٹی ضبط کرلی جائے گی۔ (8) ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے کامیاب ٹنڈر دہندہ ایف بی آر سے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے استثنٰی کا سرٹیفیکیٹ پیش کرے گا۔ بصورت دیگر قانون کے مطابق تمام لاگو ٹیکسز کی کٹوتی کی جائے گی۔ (9) کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ساتھ زیر دستخطی KPPRA خیبر پختونخواہ کے قوانین کے مطابق اگریمنٹ دستخط کرے گا۔ (10) سپلائی اارڈر مختص رقم برائے سٹوڈنٹس بیگز و دیگر اشیاء کی ریلیز کے بعد جاری کیا جائے گا، ریلیز نہ ہونے کی صورت میں زیر دستخطی کو ٹینڈر منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ (11) ٹینڈر پراسس اگر مالی سال 2024-25 میں مکمل نہ ہوسکا تو مالی سال 2025-26 میں مکمل کیا جائیگا۔ مزید معلومات یا کسی وضاحت کے لیے دفتر کے اوقات کار میں براہ راست یا فون نمبر 0996850639 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔


المشتہر:

(محمد اورنگزیب)

ضلعی تعلیمی افسر (مردانہ) ضلع شانگلہ

ای میل deomshangla@gmail.com

پتہ: ڈسٹرکٹ کمپلیکس لیلونئی روڈ الپوری ضلع شانگلہ۔